**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

# مینڈیٹ چور سرکار کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ

پاکستان تحریک انصاف نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کردیا

بالواسطہ یا براہِ راست عوام کو لوٹنے کے علاوہ مینڈیٹ چوروں کے پاس ملک چلانے کا کوئی اور طریقہ موجود نہیں،

منتخب جمہوری حکومت کے خلاف رجیم چینج سازش کے بعد سے لیکر آج تک عوام کے معاشی قتلِ عام کا سلسلہ جاری ہے،

ایندھن کو ڈاکہ زنی کا ذریعہ بنا کر غیر نمائندہ اور غیر منتخب مینڈیٹ چور عوام سے بھتہ وصول کرتے اور شہریوں کو مہنگائی کے ناقابل برداشت بوجھ تلے کچل رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

آئین پامال کرکے اقتدار پر بزورِ طاقت قابض ریاستی حلقے عوام کے معاشی قتلِ عام میں برابر کے شریک اور اس ظلم کے براہِ راست ذمہ دار ہیں، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف کے دور میں یہ پٹرول جو آج 266 روپے میں بیچا جارہا تھا 150 روپے میں دستیاب تھا،

عالمی منڈی میں تیل کے نہایت مہنگا ہونے کے باوجود تحریک انصاف کی حکومت نے بہترین حکمتِ عملی اور سیلز ٹیکس کو صفر کرکے اسے سستے داموں عوام کیلئے میسّر کیا،

عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈال کر مسلّط کئے جانے والے مجرموں کو کل عوام کی فکر تھی نہ آج ہے اور یہ اپنے غیر جمہوری آقاؤں کی خوشنودی کیلئے عوام کو کچل رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف ان ظالم مینڈیٹ چوروں اور ان کے وحشیوں کے چنگل سے عوام کو نجات دلانے کیلئے ملک گیر احتجاجی تحریک کی تیاریوں کو حتمی شکل دے رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

اڈیالہ میں ناحق قید قوم کے مقبول ترین اور قابل بھروسہ حقیقی قائد عمران خان جب بھی کال دیں گے، پوری قوم ان ظالموں کے خلاف سڑکوں پر نکلے گی، ترجمان تحریک انصاف

مینڈیٹ چور پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لے اور عوام کے معاشی قتلِ عام کا مکروہ سلسلہ فی الفور بند کرے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ